| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قوت اور مشینیں

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پہچان سکیں کہ کھینچنا اور دھکیلنا چیزوں کی رفتار کو تیز یا آہستہ کر دیتا ہے۔
- یہ جان سکیں کہ جتنی زیادہ قوت ہو گی، اتنی ہی کسی چیز کی حرکت میں تبدیلی ہو گی۔
- مشاہدہ کر کے بیان کر سکیں کہ مشینوں کی حرکت کو قوت سے بدلا جا سکتا ہے۔ (تیز کرنا، آہستہ کرنا، روکنا اور رخ بدلنا وغیرہ)

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''قوت اور مشینیں'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- کیا آپ نے کبھی ہلکی اور بھاری چیزوں کو اٹھایا ہے؟
- چند چیزوں کے نام بتائیں جن کی حرکت کو کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے؟

طلبہ کو باری باری بولنے کا موقع دیں اور جواب دینے میں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 87-88 کا متن طلبہ سے پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ''قوت'' کا مطلب بتائیں۔ انھیں کھینچنا (pull) اور دھکیلنا (push) کا مطلب سمجھائیں اور انھیں بتائیں کہ کیسے زیادہ قوت کا استعمال کرتے ہوئے وہ چیزوں میں حرکت پیدا کر سکتے ہیں۔
- انھیں بتائیں کہ قوت کی مدد سے ہم کون کون سے کام کر سکتے ہیں۔

- طلبہ کو قوت کا استعمال سمجھانے کے لیے کھیل کے میدان میں لے جائیں، وہاں انھیں رسا کشی کا کھیل کھلائیں۔انھیں رسا کشی کا کھیل کھیلنے کے لیے دو گروہ یا ٹیموں میں تقسیم کر دیں۔

کھیل کے لیے ایک دائرہ یا مخصوص جگہ مختص کر دیں اور اس دائرے کے درمیان لکیر کھینچ کر طلبہ کو بتائیں کہ کس طرح دونوں گروہ اپنی قوت کا استعمال کرتے ہوئے اس رسے کو کھینچ کر اپنی جانب کریں گے۔

- طلبہ کو کھیل سے پہلے فلیش کارڈز دکھا کر اس کھیل کے بارے میں مختصراً بتائیں۔انھیں رسا کشی کے کھیل کی مدد سے کھینچنا(pull)اور دھکیلنا(push)کا مطلب سمجھائیں اور انھیں بتائیں کہ کیسے زیادہ قوت کا استعمال کرتے ہوئے وہ چیزوں میں حرکت پیدا کر سکتے ہیں۔
- طلبہ کو قوت کے اثرات سے آگاہ کریں اور مختلف مثالیں دیں۔
- انھیں بتائیں قوت کسی ساکن چیز کو حرکت دے سکتی ہے اور حرکت کرتی ہوئی چیز کو روک سکتی ہے۔
- طلبہ کو سبق میں ''مزید جانیں گے'' کے عنوان کے تحت جملہ پڑھنے کو کہیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا)کا سوال(iii)کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

جماعت سے کچھ طلبہ کو دعوت دیں کہ وہ دروازے کو کھولیں اور بند کریں اور مشاہدہ کریں کہ دروازے کو کھولنے اور بند کرنے اس عمل میں کتنی قوت لگی۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قوت اور مشینیں

سوال نمبر 1: دی گئی تصویروں کو غور سے دیکھیں اور ہر ایک کے نیچے ''کھینچنا'' یا ''دھکیلنا'' لکھیں۔





















| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 8 | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: قوت اور مشینیں

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پہچان سکیں کہ ماضی میں انسان اور جانور گاڑیوں (تانگہ، بیل گاڑی، سائیکل اور ہتھ گاڑی وغیرہ) کھینچتے تھے کل گاڑیاں (بس، موٹر سائیکل اور کار وغیرہ) مشینوں کی مدد سے چلتی ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ واقفیت عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز، ٹشو پیپر کا خالی ڈبہ، پنسلیں، ربڑ بینڈ، بوتل کا ڈھکن، گوند، چھوٹا پتھر، قینچی۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''قوت اور مشینیں'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- تختہ تحریر پر چند خاکے بنائیں یا فلیش کارڈز پر دی ہوئی تصاویر دکھاتے ہوئے طلبہ سے پوچھیں کہ کن چیزوں کو استعمال کرنے کے لیے کم یا زیادہ قوت لگے گی۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 88-89 کا متن طلبہ سے پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے بتائیں کہ ماضی میں استعمال ہونے والی مشینوں اور چیزوں کو ایک سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے کیا استعمال ہوتا تھا۔
- طلبہ کو ماضی میں چیزوں کے لیے جانے لانے کے لیے استعمال ہونے والے سفر کے ذرائع بتائیں اور کتاب کے صفحہ نمبر 89 سے ان کی تصاویر بھی دکھائیں۔

- اس صفحہ پر دی ہوئی جدید دور کے سفر کے مختلف ذرائع کی تصاویر بھی طلبہ کو دکھائیں اور ان کا استعمال بھی بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ آج کے دور میں بھاری چیزوں کو ایک سے دوسری جگہ لے جانے کے لیے کن ذرائع نقل و حمل کا استعمال کیا جاتا ہے۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز دکھائیں اور ان کے بارے میں پوچھیں۔ انھیں جواب دینے کا موقع دیں اور ان کی رہنمائی کریں۔
- انھیں بتائیں کہ ماضی میں انسانی قوت سے پتھر کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا جا رہا ہے۔
- طلبہ سے کہیں کہ وہ ٹشو پیپر کا خالی ڈبہ لیں اور اس کے دائیں اور بائیں جانب دو سوراخ کریں۔ پھر اس میں سے ایک پنسل گزاریں۔ ایک دوسری پنسل کو پہلی والی پنسل کے ساتھ عمودی سمت میں ایک ربڑ بینڈ کے ذریعے سے باندھ دیں۔ عمودی پنسل کے سرے پر ایک بوتل کو ڈھکن کو گوند کی مدد سے لگا دیں۔ اب اس ڈھکن میں ایک چھوٹا پتھر رکھیں اور پنسل کو نیچے کی طرف کھینچ کر چھوڑ دیں۔
- اب طلبہ سے کہیں کہ مشاہدہ کر کے بتائیں کہ آپ کے قوت لگانے سے پتھر میں کس قسم کی حرکت پیدا ہوئی۔

| | |
|---|---|
| **اعادہ:** | **2منٹ** |

سبق کے اہم نکات کی دہرائی کروائیں۔

| | |
|---|---|
| **جائزہ:** | **6منٹ** |


مشق جزو (ا) کا سوال (۴) اور (۵) طلبہ سے کہیں کاپی پر حل کریں۔

| | |
|---|---|
| **گھر کا کام:** | **2منٹ** |

ورک شیٹ حل کریں۔

| | |
|---|---|
| **سرگرمی برائے طلبہ:** | **5منٹ** |

سرگرمی کروانے کے لیے طلبہ کے دو سے تین گروہ بنائیں اور ہر گروہ کو ٹشو پیپر کا خالی ڈبہ، پنسلیں، ربڑ بینڈ، بوتل کا ڈھکن، گوند، چھوٹا پتھر مہیا کریں۔



# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قوت اور مشینیں |
| --- | --- | --- |

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

الف) سادہ مشین کی اقسام ہیں:

- چھے
- چار
- آٹھ

ب) کسی چیز کی رفتار اور جگہ ____________ لگا کر تبدیل کی جاسکتی ہے۔

- وزن
- اندازہ
- قُوّت

ج) یہ ایک سلاخ پر مُشتمل سادہ مشین ہے جو کہ ایک نقطے کے گرد گھومتی ہے:

- پہیا
- پُلی
- لِیور

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 8 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: حفاظت**

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- ذاتی حفاظت کی ضرورت کو جان سکیں۔
- بجلی سے چلنے والے آلات، تیز دھار اوزار اور ان کے استعمال سے منسلک خطرات کو سمجھ سکیں۔
- بجلی سے چلنے والے آلات کو استعمال کرتے ہوئے حفاظتی تدابیر پر عمل کر سکیں۔
- گھر میں پیش آنے والے خطرات (بجلی کی ننگی تاریں، لوٹ پھوٹ کا شکار، چھتیں، ٹوٹے ہوئے شیشے، آگ اور قینچی وغیرہ) کی فہرست بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "قوت اور مشینیں" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- برقی آلات کونسے ہیں؟
- آپ کے گھر میں کون کون سی مشینیں ہیں۔

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 92-93 سے متن پڑھنے کو کہیں۔ اور مشکل پیش آنے پر ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو اہم الفاظ کے معانی بتائیں تاکہ پڑھنے میں آسانی ہو سکے۔
- طلبہ کو بتائیں جدید آلات اور مشینوں کو انسانی سہولت کے لیے بنایا گیا ہے۔ اور یہ مشینیں ہمیں روزمرہ کے کام میں مدد دیتی ہیں۔ لیکن اگر ان کو احتیاط سے استعمال نہ کیا جائے تو یہ خطرے اور مسائل کی وجہ بن جاتی ہیں۔
- اس لیے ان کے استعمال میں احتیاط سے کام لینا چاہیے۔ اور دوسروں کی حفاظت کا خیال رکھنا چاہیے۔

- طلبہ کو گھر کے اندر کی حفاظتی تدابیر تفصیل سے بتائیں۔
- طلبہ کو یہ بھی بتائیں اپنے ساتھ ساتھ دوسروں کی حفاظت کا بھی خیال رکھیں۔ بجلی اور آلات سے چلنے والے آلات کو استعمال کرتے وقت احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا بہت ضروری ہے۔
- انھیں بتائیں بجلی ہمارے جسم سے آسانی سے گزر سکتی ہے۔ کیوں کہ بجلی پانی سے جلدی گزرتی ہے اور انسانی جسم کا زیادہ تر حصہ پانی پر مشتمل ہوتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| جدید آلات | جَ۔دید | نئے آلات |
| سہولت | سَ۔ہُو۔لَت | آسانی |
| احتیاط | اِح۔تے۔یاط | بچاؤ/نقصان سے بچنا |
| مسائل | مَ۔سا۔اِل | پریشانی/مسائل کی جمع |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال (i) طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ سے کہیں باری باری گھر میں ہونے برقی اشیاء سے چند احتیاطی تدابیر اپنی کاپی میں لکھیں۔